فوری ریلیز کے لیے: 22/12/2022　　　　گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کا ریاست نیو یارک کے جامع منصوبہ برائے عمر رسیدگی کے لیے اسٹیک ہولڈر مشاورتی کمیٹی کا اعلان

جامع منصوبہ برائے عمر رسیدگی کی کونسل عمر رسیدہ افراد کے لیے دوستانہ پالیسیوں، معاونتوں، کمیونٹی کے بنیادی ڈھانچے اور صحت کی خدمات کے لیے 28 ماہرین فراہم کرتا ہے

کمیٹی کے ماہر ممبران نیو یارک کے عمر رسیدہ باشندگان کی خاطر صحت مندانہ، جامع کمیونٹیز تشکیل دینے کے حوالے سے منصوبہ فراہم کریں گے

گورنر Kathy Hochul نے آج جامع منصوبہ برائے عمر رسیدگی کی کونسل فراہم کرنے کے لیے اسٹیک ہولڈر کمیٹی کا اعلان کیا ہے، جس کے تحت ریاست کا پہلا جامع منصوبہ برائے عمر رسیدگی تشکیل دیا جا رہا ہے، جو کہ ایک رہنما دستاویز ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دی جا سکے کہ نیو یارک کے عمر رسیدہ باشندے عمر رسیدگی کی جانب بڑھتے ہوئے وقار اور خود مختاری کے ساتھ صحت کی حامل، بھرپور زندگیاں جی سکیں۔ اسٹیک ہولڈر مشاورتی کمیٹی نامی 28 ممبران پر مشتمل گروہ عمر رسیدہ افراد کے لیے دوستانہ پالیسیاں، معاونتیں اور صحت کی خدمات کے حوالے سے ماہرانہ مشورہ دے گا تاکہ عمر رسیدگی کی کونسل کے لیے ایک جامع منصوبے کی جانب رہنمائی کی جا سکے، تاکہ یہ نیو یارک کے باشندوں کی تمام تر نسلوں کے عمر رسیدگی کی جانب بڑھنے کے ساتھ ان کی سماجی معاشی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جامع لائحہ عمل مرتب کر سکے۔

"نیو یارک کے تمام باشندے وقار اور خودمختاری کے ساتھ اپنی کمیونٹی میں عمر رسیدگی کو پہنچنے کا استحقاق رکھتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ان اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے دیے گئے مشوروں سے جامع منصوبہ برائے عمر رسیدگی کا فریم ورک فراہم ہو گا اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہماری کوششوں کی رہنمائی ہو گی کہ نیو یارک کے ہمارے عمر رسیدہ باشندوں کو ایسی صحت مند، قابل گزربسر کمیونٹیز میں طویل مدتی معیاری نگہداشت تک رسائی حاصل ہو جہاں وہ پُرسکون زندگی گزار سکیں۔"

اسٹیک ہولڈرز کی مشاورتی کمیٹی اس امر کو یقینی بنائے گی کہ صفِ اوّل کے ماہرین اور بڑی تعداد میں عوام نے اس منصوبے میں اپنی بھرپور رائے دی ہو اور اس کے نتیجے میں عمر رسیدگی کے لیے دوستانہ پالیسیوں کی رہنما ہدایات مرتب کرنے میں مدد فراہم ہو تاکہ نیو یارک کے ہر عمر کے باشندوں کے لیے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ نمائندوں میں دیگر افراد کے علاوہ نگہداشتِ صحت اور معاونتی خدمت فراہم کنندگان؛ صارفین؛ غیر رسمی نگہداشت کنندگان؛ بزرگ بالغان - خاص طور پر وہ جن کو کمیونٹیز میں تفاوت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے؛ منصوبہ صحت کی کمپنیز، لیبر اور کمیونٹی پر مبنی تنظیمیں، آجرین، ماہرینِ عمر رسیدگی، اور تعلیمی محققین شامل ہوں گے۔

کمیٹی کو اسٹیک ہولڈر کے مشغولیتی سیشنز کے ایک سلسلے کے ذریعے ساتھی ماہرین کی جانب سے ان کے متعلقہ شعبوں میں فیڈبیک اور مشوروں پر غوروخوض کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ مزید برآں، کمیٹی آنے والے مہینوں میں علاقائی سماعتی سیشنز کے ساتھ مصروفِ عمل رہے گی، جو کہ عوام کے مسائل کے ساتھ ساتھ ان کے مجوزہ حلوں کے حوالے سے ان کی جانب سے براہ راست مشورے حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

گزشتہ ماہ گورنر Hochul نے جامع منصوبہ برائے عمر رسیدگی کی کونسل کے قیام کے لیے ایک انتظامی حکم پر دستخط کیے جو اس کے بعد رہنمائی کا مسودہ تیار کرنے کے لیے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے رائے جمع کرے گی تاکہ ایسی صحت مند، قابل گزربسر کمیونٹیز تعمیر کی جا سکیں کہ جو بزرگ بالغان کے لیے مواقع فراہم کرتی ہوں۔ کونسل کی صدرات ریاستی محکمۂ صحت کے ڈپٹی کمشنر برائے عمر رسیدگی و طویل مدتی نگہداشت Adam Herbst، بطور نائب صدر عمر رسیدگی کے دفتر کے ڈائریکٹر Greg Olsen کے ہمراہ کریں گے، اور متعلقہ ریاستی ایجنسی کے کمشنرز اور ڈائریکٹرز اس کی رکنیت کے طور پر کام کریں گے۔

مذکورہ کونسل نے رواں ماہ کے آغاز میں اپنی افتتاحی ملاقات میں اسٹیک ہولڈر کمیٹی کے مسودے کا خاکہ تشکیل دیا ہے۔ درج ذیل افراد اسٹیک ہولڈر مشاورتی کمیٹی کا حصہ ہیں:

Pace Land Use Law Center	Jessica Bacher
Odyssey Partners	Stephen Berger
Robert F. Wagner Graduate School of Public Service, NYU	Dr. Jo Ivey Boufford
Finger Lakes Geriatric Education Center	Dr. Thomas Caprio
LifeSpan of Greater Rochester	Ann Marie Cook
New York-Presbyterian Hospital, Weill Cornell Medicine	Sara Czaja, PhD
VillageCare	Emma DeVito
Brookdale Center for Healthy Aging	Ruth Finkelstein, PhD
Columbia University, Mailman School of Public Health	Dr. Linda Fried
New York State Caregiving & Respite Coalition	Doris Green
Jewish Association Serving the Aging	Kathryn Haslanger
Former Kinship Caregiver	Linda James
Selfhelp Community Services	Stuart C. Kaplan
ArchCare	Scott LaRue
American Federation for Aging Research	Stephanie Lederman
St. Regis Mohawk Office for the Aging	Lora Lee La France
Sage	Raj Mehra
African American Health Equity Task Force	George Nicholas
LiveOn NY	Allison Nickerson
Center for Elder Law and Justice	Karen Nicolson
Common Ground Health	Wade Norwood
Health Foundation for Western and Central New York	Nora Obrien-Suric
AARP New York	James O'Neal
Former Chairman of Medicaid Re-Design Team	Dennis Rivera
VNS Health	Dan Savitt
1199/SEIU	Helen Schaub
Herkimer County Dept. of Social Services	Timothy Seymour
Healthfirst	Pat Wang

نیو یارک کے ریاستی محکمہ برائے صحت کی کمشنر Dr. Mary T. Bassett نے کہا، "ریاست کے پہلے جامع منصوبہ برائے عمر رسیدگی کا قیام عمل میں لا کر ریاست کو طویل مدتی نگہداشتی خدمات اور معاونتوں کے وسیع سلسلے کی فراہمی کی حمایت کرنے کی ایک طویل تاریخ رقم کرنے پر میں گورنر Hochul کو سراہنا چاہتی ہوں۔ اس مشاورتی کمیٹی کا قیام ہمارے طویل مدتی نگہداشتی نظام کے ویژن کو پورا کرے گا جو کہ کم خرچ، قابلِ رسائی، اور ہر اس شخص کی خصوصی ضروریات اور توقعات کو پورا کرنے کے قابل ہو گا جسے خدمات فراہم کی جائیں گی۔"

ریاست نیو یارک کے عمر رسیدگی کے دفتر کے ڈائریکٹر Greg Olsen نے کہا، "نیو یارک عرصۂ دراز سے عمر رسیدگی کے لیے دوستانہ کمیونٹی بنیادی ڈھانچے سے لے کر ذہنی صحت کی معاونتوں، معاشی ترقی سے لے کر کمیونٹی میں موجود خدمات، اور درجنوں دیگر باہمی متعلقہ شعبوں کے حوالے سے ریاستی ایجنسی کے پروگراموں اور پالیسیوں میں عمر رسیدگی کے لیے دوستانہ پالیسیوں کو مربوط بنانے میں قائدانہ کردار ادا کر رہا ہے۔ گورنر Kathy Hochul کا بہت شکریہ، ریاست کے جامع منصوبہ برائے عمر رسیدگی کا عمل اب اشتراک کی ایک مثالی سطح کی جانب بڑھ رہا ہے، اور اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے کہ عمر رسیدگی کے لیے دوستانہ کمیونٹیز ہی وہ کمیونٹیز ہیں جو عمر سے قطع نظر، پورے خاندان کی کفالت کرتی ہیں، اس سلسلے میں نیو یارک کے عمر رسیدگی کی جانب بڑھتے ہوئے باشندگان کے لیے نئے مواقع کی تخلیق کے جامع لائحۂ عمل کے حوالے سے ماہرین کو جمع کیا جا رہا ہے۔"

نیو یارک کے ریاستی محکمۂ صحت کے ڈپٹی کمشنر برائے عمر رسیدگی و طویل مدتی نگہداشت Adam Herbst نے کہا، "گورنر Hochul نے ہمیں عمر رسیدگی کی معاونتوں کا ایک ایسا نظام تشکیل دینے کا اختیار دیا ہے، جو کہ مؤثر، مستعد، اور شفاف ہو گا۔ جامع منصوبہ برائے عمر رسیدگی کے ذریعے، عمر رسیدگی اور طویل مدتی نگہداشت کا دفتر کسی شخص پر مکمل غوروخوض کرنے کی خاطر اسٹیک ہولڈر مشاورتی کمیٹی کے ساتھ اشتراک کرے گا کیونکہ ہم نیو یارک کے عمر رسیدہ باشندگان کی حمایت کرتے ہیں۔ جامع منصوبہ برائے عمر رسیدگی ہمیں تمام افراد کے لیے کارآمد عمر رسیدگی کے نظام کا خاکہ تشکیل دینے میں افرادی قوت، رہائش، ماضی کی ناانصافیوں، اور خاندانی معاونت جیسے عوامل کے درمیان تصادم پر غورخوض کا موقع فراہم کرتا ہے۔"

گورنر Hochul عمر رسیدگی کے لیے مزید دوستانہ نیو یارک کے قیام کے اقدامات کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے جسے 2017 میں AARP اور عالمی ادارۂ صحت کی جانب سے عمر رسیدگی کے لیے ملک کی پہلی دوستانہ ریاست کی حیثیت تفویض کی گئی تھی۔ رواں سال کا بجٹ، نیو یارک کے عمر رسیدہ افراد اور ان کے نگہداشت فراہم کاران کی خود مختاری کی معاونت کرنے والے عمر رسیدگی کے دفتر کے پروگرامز کے لیے ریاستی فنڈنگ کی مد میں 181.5$ ملین اور وفاقی فنڈنگ کی مد میں 114.9$ ملین کی رقم فراہم کرتا ہے۔

گورنر Hochul نے ریاستی مجلسِ قانون ساز کے ساتھ بھی اشتراک کیا تاکہ بزرگ افراد کی Medicaid اور Medicare بچت پروگرام کے لیے [اہلیت میں اضافہ کیا جا سکے]۔ نیو یارک کے 65 سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کے لیے، آمدنی کی حدود وفاقی غربت کی سطح کے 138 فیصد تک بڑھ جائیں گی تاکہ نیو یارک کے مزید باشندوں کی قابل اعتماد، کم خرچ صحت کی کوریج تک رسائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418